© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اُثریہ اور جامعہ اُثریہ للبنات میں تعطیلات عید الاُضحیٰ

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درسِ نظامی) میں مورخہ کیم مارچ بمطابق ۵ ذوالحجہ بروز جمعرات سے ۱۶ مارچ بروز جمعہ تک اور شعبہ حفظ میں کیم مارچ سے ۱۱ مارچ بروز اتوار تک چھٹیاں کی گئی ہیں۔

جبکہ جامعہ اُثریہ للبنات کے تمام شعبہ جات میں کیم مارچ سے ۱۶ مارچ تک تعطیلات ہونگی۔ ان شاء اللہ۔

## اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے عہدیداران کی تشکیل نو

اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کا ایک اجلاس مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں زیر صدارت رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب منعقد ہوا۔ علامہ مدنی صاحب نے اپنے خطبہ صدارت میں اہلحدیث یوتھ فورس کے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی ذاتی اصلاحات کے ساتھ ساتھ شرک وبدعات کے اس دور میں اپنی تبلیغی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں اور نوجوان نسل کو گمراہی اور لہوولعب کی دلدل سے نکال کر انہیں قرآن و حدیث کی طرف راغب کریں۔ اجلاس میں نگران اہلحدیث یوتھ فورس شیخ محمد اعجاز کے علاوہ انجمن اہلحدیث کے اراکین نے بھی شرکت کی۔ ازاں بعد اہلحدیث یوتھ فورس کے ضلعی عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ جسکے مطابق مرکزی صدر نعمان فاروق، نائب صدر اول سیف ادریس، نائب صدر دوم ندیم سلفی، سیکرٹری جنرل عامر سلیم، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر عاطف جواد، سیکرٹری اطلاعات نعمان نذیر، سیکرٹری مالیات عبداللہ اور نائب محمد افضل اور رابطہ سیکرٹری حافظ محمد تنویر مقرر کیے گئے۔ اسکے بعد سب عہدیداران نے خلوص نیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھانے کا عہد کیا۔ آخر میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کے دلوں میں خلوص پیدا فرمائے اور اپنے دین کی سربلندی کیلئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

## موضع ٹھل (پنڈدادنخان) اور دینہ ضلع جہلم میں مساجد کی تعمیر

الحمد للہ تنظیم المساجد الأثریہ جہلم کے زیرِ اہتمام ضلع جہلم میں دو مقامات پر نئی مساجد کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔ ان میں سے ایک موضع ٹھل (پنڈدادنخان) میں علاقہ بھر کی پہلی مسجد اہلحدیث کا سنگ بنیاد گزشتہ دنوں رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے رکھا۔ جس کی تعمیر کا کام بڑی تیزی سے جاری ہے اس مسجد کے نگران حاجی ناصر خان صاحب کو مقرر کیا گیا ہے اور دوسری مسجد بڈالی کھوکھر روڈ متصل (منگلا روڈ) دینہ میں تعمیر کی جائے گی۔ ان شاء اللہ۔ ان دونوں مقامات پر اس سے قبل اہلحدیث مساجد نہیں ہیں۔ دینہ میں مسجد کے لئے محمد جمیل (حرمین ٹیلرز) کی کوششیں عنقریب بارآور ثابت ہونگی۔ ان شاء اللہ۔

© rasailojaraid.com